سوال

(247) دو سجدوں کے درمیان دعا کی تحقیق

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

دو سجدوں کے درمیان مشہور دعا "اللھم اغفرلی وارحمنی واہدنی وعافنی وارزقنی" یہ حدیث صحیح ہے یا ضعیف؟ اگر ضعیف ہے تو کون سی دعا پڑھنی چاہیے؟ (محمد شاہد میمن)

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

اس روایت کی سند تو بے شک ضعیف ہے لیکن اس دعا کا ایک قوی شاہد صحیح مسلم (2697) میں موجود ہے لہذا اس دعا پر عمل صحیح ہے۔ علاوہ ازیں دو سجدوں کے درمیان رب اغفرلی رب الاغفرلی پڑھنا بھی ثابت ہے۔

دیکھئے سنن ابی داود (874) والنسائی (1070) (شہادت، جولائی 2001)

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاوی علمیہ

جلد1۔ کتاب الصلاة۔ صفحہ476

محدث فتویٰ